© rasailojaraid.com

ہے۔ ان کے مقالات و مضامین اور لکچروں کے متعدد مجموعے مختلف ناموں سے کئی مرتبہ شائع ہوچکے ہیں ان میں سے ایک مجموعہ کا نام منشورات ہے، اب اس کو ازسرنو ڈاکٹر گوپی چند نارنگ کی تحقیق و ترتیب کے ساتھ شائع کیا گیا ہے۔ پچھلے اڈیشنوں میں جو غلطیاں رہ گئی تھیں ڈاکٹر صاحب نے ان کی تصحیح کی ہے۔ اس کے علاوہ جو بعض امور وضاحت طلب تھے ان سے متعلق حواشی لکھے ہیں۔ آخر میں موضوعات کے اشاریہ کا اضافہ کیا ہے اور ان سب پر مستزاد یہ کہ شروع میں بائیس صفحہ کا ایک مفید اور بصیرت افروز مقدمہ بھی لکھا ہے۔ کتاب بارہ مضامین اور لکچروں پر مشتمل ہے جو سب کے سب اردو زبان و ادب کے مسائل و مباحث سے متعلق ہیں۔ اگرچہ ان میں سے بعض مباحث پر اب تحقیق کہیں سے کہیں پہونچ گئی ہے۔ لیکن ان مضامین میں زبان کے اسالیب بیان اور فصاحت و بلاغت کے اصول وضوابط پر جس بالغ نظری اور ژرف نگاہی سے گفتگو کی گئی ہے اور اس سلسلہ میں جس دقیقہ سنجی سے کام لیا گیا ہے اس کی وجہ سے ان مضامین کی افادیت بجائے خود اور مسلّم ہے اور زبان کا کوئی طالب علم اس سے بے نیاز نہیں ہو سکتا۔

القاموس الجدید (عربی اردو ڈکشنری) از مولانا وحید الزماں کیرانوی۔ تقطیع خورد۔ ضخامت ۶۵۵ صفحات کتابت و طباعت بہتر قیمت مجلد گیارہ روپے۔ پتہ: مکتبۂ اشاعت القرآن اردو بازار۔ دہلی۔

اردو زبان میں عربی لغات کی کمی نہیں ہے لیکن جدید تہذیب و تمدن کی روز افزوں ترقی اور بین الاقوامی معاملات... و روابط میں وسعت کے باعث عربی زبان میں نئے الفاظ اور جدید محاورات و امثال کا اضافہ اس تیزی سے ہو رہا ہے کہ پُرانے لغات جدید ضرورتوں کے لئے کافی نہیں ہو سکتے۔ اس ضرورت کی تکمیل کی غرض سے لائق مرتب نے جو دارالعلوم دیوبند میں عربی زبان و ادب کے استاذ اور جدید عربی میں تحریر و تقریر پر بوجوہ قادر ہیں یہ کتاب بڑی محنت اور سلیقہ سے مرتب کی ہے۔ کتاب اگرچہ مختصر ہے لیکن اس میں تقریباً

© rasailojaraid.com